روزنامہ

# الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

ہفتہ 9 جنوری 2010ء 22 محرم 1431 ہجری 9 صلح 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 7

## مالی قربانی کرنے والوں کیلئے دعا

حضرت عبداللہ بن اوفیؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جب کوئی قوم صدقات لے کر آتی تو آپ دعا دیتے اللھم صل علیٰ آل فلان کہ اے اللہ فلاں کی آل پر بھی فضل فرما۔

﴿صحیح بخاری کتاب الزکوٰۃ باب صلوۃ الامام و دعائه حدیث نمبر:1402﴾

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

**98**۔اٹھانواں نشان۔چند سال ہوئے ہیں کہ سیٹھ عبدالرحمٰن صاحب تاجر مدراس جو اول درجہ کے مخلص جماعت میں سے ہیں قادیان میں آئے تھے اور اُن کی تجارت کے امور میں کوئی تفرقہ اور پریشانی واقع ہوگئی تھی اُنہوں نے دعا کے لئے درخواست کی۔تب یہ الہام ہوا جو ذیل میں درج ہے۔**قادر ہے وہ بارگہ ٹوٹا کام بناوے۔ بنا بنایا توڑ دے کوئی اُس کا بھید نہ پاوے۔**اس الہامی عبارت کا یہ مطلب تھا کہ خدا تعالیٰ ٹوٹا ہوا کام بنا دے گا۔مگر پھر کچھ عرصہ کے بعد بنا بنایا توڑ دے گا۔چنانچہ یہ الہام قادیان میں ہی سیٹھ صاحب کو سنایا گیا اور تھوڑے دن ہی گذرے تھے کہ خدا تعالیٰ نے اُن کے تجارتی امور میں رونق پیدا کردی اور ایسے اسباب غیب سے پیدا ہوئے کہ فتوحات مالی شروع ہوگئیں اور پھر کچھ عرصہ کے بعد وہ بنا بنایا کام ٹوٹ گیا۔

**99**۔ننانواں نشان۔ایک دفعہ فجر کے وقت الہام ہوا کہ آج حاجی ارباب محمد لشکر خان کے قرابتی کا روپیہ آتا ہے۔چنانچہ میں نے دو آریہ شرمپت اور ملاوامل ساکنان قادیان کو صبح کے وقت یعنی ڈاک آنے کے وقت سے بہت پہلے یہ پیشگوئی بتلا دی مگر ان دونوں آریوں نے بوجہ مخالفت مذہبی کے اس بات پر ضد کی کہ ہم تب مانیں گے کہ جب ہم میں سے کوئی ڈاکخانہ میں جاوے اور اتفاقاً ڈاکخانہ کا سب پوسٹ ماسٹر بھی ہندو ہی تھا تب میں نے اُن کی اس کی درخواست کو منظور کیا اور جب ڈاک آنے کا وقت ہوا تو اُن دونوں میں سے ملاوامل آریہ ڈاک لینے کے لئے گیا اور ایک خط لایا جس میں لکھا تھا کہ سرور خان نے مبلغ ؏ بھیجے ہیں۔اب یہ نیا جھگڑا پیش آیا کہ سرور خان کون ہے کیا وہ محمد لشکر خان کا کوئی قرابتی ہے یا نہیں۔اور آریوں کا حق تھا کہ اس کا فیصلہ کیا جاوے تا اصل حقیقت معلوم ہو تب منشی الٰہی بخش صاحب اکاؤنٹنٹ مصنف عصائے موسیٰ کی طرف جو اُس وقت ہوتی مردان میں تھے اور ابھی مخالف نہیں تھے خط لکھا گیا کہ اس جگہ یہ بحث درپیش ہے اور دریافت طلب یہ امر ہے کہ سرور خان کی محمد لشکر خان سے کچھ قرابت ہے یا نہیں چند روز کے بعد منشی الٰہی بخش صاحب کا ہوتی مردان سے جواب آیا جس میں لکھا تھا کہ سرور خان ارباب لشکر خان کا بیٹا ہے۔تب دونوں آریہ لاجواب رہ گئے۔اب دیکھو یہ اس قسم کا علم غیب ہے کہ عقل تجویز نہیں کرسکتی کہ بجز خدا کے کوئی اس پر قادر ہو سکے۔اس پیشگوئی میں دونوں طرف مخالفوں کی گواہی ہے۔یعنی ایک طرف تو دو آریہ ہیں جن کی نسبت میرا بیان ہے کہ ان کو یہ پیشگوئی میں نے سُنائی تھی اور ان میں سے ایک خط لانے کے لئے ڈاکخانہ میں گیا تھا اور دوسری طرف منشی الٰہی بخش صاحب اکاؤنٹنٹ ہیں جو ان دنوں لاہور میں ہیں جنہوں نے میری مخالفت میں اپنی کتاب عصائے موسیٰ شائع کی اور جو کچھ چاہا میری نسبت لکھا۔ہاں میں اس قدر کہتا ہوں کہ اس پیشگوئی کی تصدیق کے لئے ان دو طرفہ گواہوں سے حلفاً پوچھنا چاہئے نہ محض معمولی بیان سے کیونکہ ملاوامل اور شرمپت وہ متعصب آریہ ہیں جنہوں نے میری مخالفت میں اشتہار دیئے اور منشی الٰہی بخش صاحب وہی منشی صاحب ہیں جنہوں نے میری مخالفت میں عصائے موسیٰ تالیف کر کے بہتوں کو دھوکا دیا ہے پس بجز قسم کے چارہ نہیں۔اور یہ پیشگوئی بہت سے دوسرے لوگوں کو بھی معلوم ہے۔اور یہ بھی معلوم ہے کہ منشی صاحب کی خدمت میں خط بھیجا گیا تھا اور اُن کا مذکورہ بالا جواب آیا تھا۔اس لئے کسی طرح ممکن نہیں کہ وہ ہر دو آریہ اس پیشگوئی سے انکار کریں۔یا منشی الٰہی بخش صاحب خط کے بھیجنے سے انکار کریں اور اگر انکار بھی کریں تو یہ امر تو اب بھی فیصلہ بھی ہوسکتا ہے کہ سرور خان کا ارباب لشکر خان سے کوئی رشتہ ہے یا نہیں۔

﴿حقیقة الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22ص 259﴾

---

بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2009

## کیا آپ حقیقة الوحی کے امتحان کی تیاری کر رہے ہیں؟ امتحان 15 جنوری کو ہوگا۔

ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ

---

## واقفین نو بچوں کے والدین متوجہ ہوں

27 مئی 2010ء کو آل ربوہ دوسری تقریب آمین منعقد کی جائے گی۔اس میں 28 مئی 2009ء سے 26 مئی 2010ء تک پہلی مرتبہ قرآن مجید ناظرہ ختم کرنے والے واقفین نو بچوں (لڑکوں) کو شامل کیا جائے گا۔ والدین اپنے بچوں کو قرآن کریم پڑھائیں اور اس بابرکت تقریب میں شامل کریں۔

﴿سیکرٹری وقف نو لوکل انجمن احمدیہ ربوہ﴾

---

## طلباء وطالبات متوجہ ہوں

ایسے طلباء وطالبات جو اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے بیرون پاکستان جانا چاہتے ہیں اور نظام جماعت سے قرض حسنہ حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ان سے گزارش ہے کہ وہ بیرون پاکستان جانے سے پہلے نظارت تعلیم میں اپنے تعلیمی قرض حسنہ کے معاملات طے کروا کے جایا کریں ۔ بعد میں اندرون پاکستان یا بیرون پاکستان دی جانے والی درخواست پر غور نہیں کیا جائے گا۔فون:047-6212473

﴿نظارت تعلیم﴾

مکرم ظہیر احمد خان صاحب

## سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ہمراہ

# طلباء جامعہ احمدیہ یو کے کی ایک نشست

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت جامعہ احمدیہ یو کے کے زیر اہتمام منعقد ہونے والی ایک نشست میں مورخہ 21 نومبر 2009ء کو شرکت فرمائی۔

جامعہ احمدیہ کی نشست کا پروگرام چونکہ طلباء جامعہ، اساتذہ کی نگرانی میں خود تیار کرتے ہیں، لہٰذا اس غرض سے اس نشست کا موضوع ماہ نومبر میں ہونے والے اہم دینی واقعات مقرر کر کے اس کی تیاری مختلف کلاسوں کے طلباء کے سپرد کی گئی۔

طلباء نے اپنے مفوضہ حصہ پروگرام کے مطابق مواد جمع کیا۔ تلاوت، نظم، حدیث نبوی ﷺ، اقتباس حضرت مسیح موعود اور نشست کے موضوع کے مطابق چار مختصر تقاریر کی تصحیح اور نوک پلک سنوارنے کے بعد سارا پروگرام منظوری کیلئے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت اقدس میں پیش کیا گیا۔

معمول کی صفائی اور تزئین کے علاوہ طلباء کے وقار عمل کے ذریعہ جامعہ کے تدریسی اور رہائشی حصہ کی صفائی و تزئین کی گئی۔ اسمبلی ہال کو (جہاں نشست کا انعقاد ہونا تھا) طلباء نے بڑی محنت کے ساتھ تیار کیا۔

پروگرام کے مطابق قریباً سوا بارہ بجے حضور انور کا جامعہ احمدیہ میں ورود مسعود ہوا۔ اساتذہ اور جامعہ کے سٹاف نے حضور انور سے مصافحہ کی سعادت حاصل کی۔

عمارت کے اندر تشریف لے جانے کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جامعہ سے ملحقہ رہائشی فلیٹ، جامعہ کی بالائی منزل اور ڈائننگ ہال وغیرہ کا معائنہ فرمایا۔ بعد ازاں حضور انور ہال میں تشریف فرما ہوئے اور قریباً ساڑھے بارہ بجے اس نشست کا آغاز تلاوت قرآن کریم کے ساتھ ہوا، عزیز عثمان نوید درجہ ثالثہ نے سورۃ العلق کی ابتدائی نو آیات کی تلاوت کی اور ان کا ترجمہ پیش کیا۔ عزیز مستنصر احمد درجہ ثانیہ نے صحیح بخاری کی پہلی کتاب بدء الوحی سے حضرت ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی بیان کردہ روایت بابت آغاز وحی یعنی آنحضرت ﷺ پر وحی کی ابتداء کیسے ہوئی تھی پڑھ کر سنائی اور اس کا ترجمہ پیش کیا۔ عزیز فیصل محمود خان درجہ ثانیہ نے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا پاکیزہ کلام

حضرت سیّد وُلدِ آدم صلی اللہ علیہ و سلّم

خوش الحانی سے پڑھ کر سنایا۔ براعظم افریقہ کے ملک گیمبیا سے روحانی علم کے حصول کیلئے آنے والے درجہ اولیٰ کے طالب علم عزیز عبداللہ ڈیبا نے سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود کی تصنیف لطیف اتمام الحجہ سے ہمارے آقا و مطاع حضرت خاتم الانبیاء امام الاصفیاء ختم المرسلین فخر النبیین جناب محمد مصطفیٰ ﷺ کی افضلیت و اکملیت کی بابت ایک اردو اقتباس روانی کے ساتھ پڑھ کر سنایا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے عزیز عبداللہ ڈیبا کے چند ماہ میں اردو سیکھنے کی صلاحیت کو سراہتے ہوئے باقی طلباء کو بھی محنت کرنے اور اسی سرعت کے ساتھ اردو سیکھنے کی طرف توجہ دلائی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے منظور شدہ پروگرام کے مطابق چار مختصر تقاریر بھی اس میں شامل تھیں۔ چنانچہ عزیز فرخ راحیل درجہ رابعہ نے سیدنا حضرت مصلح موعود کے تشکیل کردہ ہجری شمسی کیلنڈر کی مختصر تاریخ بیان کی نیز بتایا کہ ماہ نومبر میں چونکہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو نبوت کے مقام پر سرفراز فرمایا گیا تھا لہٰذا ہجری شمسی تاریخوں کے مطابق تشکیل پانے والے اس کیلنڈر میں ماہ نومبر کو "نبوت" کا نام دیا گیا۔ مقرر نے یہ بھی بیان کیا کہ سیدنا حضرت مسیح موعود نے اپنی جماعت کا نام "جماعت احمدیہ" سن 1900ء میں اسی نبوت / نومبر کے مہینہ میں ہی تجویز فرمایا۔ دوسری تقریر میں عزیز مصور احمد درجہ ثالثہ نے ماہ نبوت میں حضرت مسیح موعود کی تائید میں ظاہر ہونے والے شہب ثاقبہ کے نشان نیز حضور کے الہام "آہ نادر شاہ کہاں گیا" کی تفصیل بیان کی۔ مکرم عبدالوہاب طیب صاحب درجہ ثانیہ نے اپنی تقریر میں ہمارے امام ہمام سیدنا حضرت حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے دادا حضرت صاحبزادہ مرزا شریف احمد صاحب کے نکاح ہمراہ حضرت صاحبزادی بوزینب بیگم صاحبہ بنت حضرت نواب محمد علی خانصاحب کی تفصیل بیان کی۔ یہ تاریخی واقعہ بھی ماہ نبوت میں ہی رونما ہوا اور اس کا سب سے اہم پہلو یہ ہے کہ حضرت مولوی نورالدین صاحب نے اس نکاح کا خطبہ حضرت اقدس مسیح موعود کی موجودگی میں ارشاد فرمایا جس میں آپ نے فرمایا:۔

"میرا ایمان ہے کہ بڑے خوش قسمت وہ لوگ ہیں جن کے تعلقات اس آدم کے ساتھ پیدا ہوں۔ کیونکہ اس کی اولاد میں اس قسم کے رجال اور نساء پیدا ہونے والے ہیں جو خدا تعالیٰ کے حضور میں خاص طور پر منتخب ہو کر اس سے مکالمات سے مشرف ہوں گے۔"

خدا تعالیٰ نے ہمارے موجودہ امام حضرت صاحبزادہ مرزا مسرور احمد صاحب ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو منصب خلافت پر متمکن فرما کر حضرت مولوی صاحب کی بات کو روز روشن کی طرح پورا کر دیا۔

پروگرام کی آخری تقریر عزیز سفیر احمد زرتشت درجہ ثالثہ کی تھی جنہوں نے خلافت ثالثہ کے حوالہ سے ماہ نبوت میں ہونے والے اہم واقعات کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ حضرت صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب (خلیفۃ المسیح الثالث) کی ولادت با سعادت ماہ نبوت میں ہوئی، آپ کو اللہ تعالیٰ نے مسند خلافت پر ماہ نبوت میں ہی متمکن فرمایا۔ آپ کے مبارک وجود سے متعلق سیدنا حضرت مسیح موعود کا الہام اِنَّا نُبَشِّرُکَ بِغُلَامٍ بھی نبوت کے مہینہ میں ہی ہوا۔

منظور شدہ اس پروگرام کے ختم ہونے کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اجازت سے درجہ ثانیہ کے دو طلباء عزیز سعید احمد رفیق اور عزیز عمران احمد خالد نے مکرم مبارک احمد صاحب صدیقی کی ایک نظم مل کر سنائی۔ بعد ازاں حضور انور کے ارشاد کی تعمیل میں عزیز ایاز محمود خان درجہ رابعہ نے حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب کی تحریر فرمودہ نعت

بدرگاہ ذی شان خیر الانام

کے دو اشعار خوش الحانی سے سنائے۔ عزیز احسن فہیم بھٹی درجہ ثالثہ نے حضور انور کی اجازت سے ترانہ

امرت ہیں تیرے بول تو پیغام زندگی

سنایا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے طلباء سے دریافت فرمایا کہ "بغیر تیاری کے کون پڑھ سکتا ہے؟" اور پھر عزیز رانا محمود الحسن درجہ ثالثہ کو حضور انور نے اپنے پاس بلایا اور کلام محمود میں سے ایک شعر

پیٹھ میدان وغا میں نہ دکھائے کوئی
منہ پہ یا عشق کا پھر نام نہ لائے کوئی

پڑھنے کی ہدایت فرمائی۔ حضور کے اس ارشاد کی تعمیل کے بعد حضور نے عزیز کو کلام محمود میں سے ہی ایک نظم پڑھنے کا ارشاد فرمایا جس کا پہلا شعر ہے

جدھر دیکھو ابر گنہ چھا رہا ہے
گناہوں میں چھوٹا بڑا مبتلا ہے

پڑھنے کی ہدایت فرمائی، جو عزیز نے خوش الحانی کے ساتھ پڑھنے کی سعادت پائی۔ عزیز رانا محمود الحسن نے قریباً بائیس منٹ تک مسلسل نظم پڑھنے کی توفیق پائی۔ پروگرام کے بعد ایک موقعہ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت عزیز کی بغیر تیاری کے اتنی اچھی لحن میں نظمیں پڑھنے اور نہ تھکنے کی صلاحیت کو سراہتے ہوئے پسندیدگی کا اظہار فرمایا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دوران پروگرام طلباء کو ان کی تقاریر کے حوالہ سے نیز ایک طالبعلم کے خط کے حوالہ سے نصائح فرمائیں اور پروگرام کے اختتام پر طلباء کو وقف کی اہمیت، وقف کی ذمہ داریوں اور خدمت دین کے بارہ میں نہایت زریں نصیحت کرتے ہوئے فرمایا:۔

"اچھا! اب آج کی آخری بات کر کے ختم کرتے ہیں۔ تم لوگوں کو کچھ نہ کچھ سمجھ تو آگئی ہوگی اس نظم کی۔ تم لوگ جو واقفین زندگی ہو، تم لوگوں نے وقف کیا، دین کی خدمت کرنے کیلئے اپنے آپ کو پیش کیا ہے۔ سب سے پہلا کام یہ ہے کہ اپنے اوپر توحید کو غالب کرو اور پھر اس کیلئے دعا کرو اور توحید کے پھیلانے کا ہی تم نے کام کرنا ہے۔ توحید کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ کی خالص محبت اپنے دل میں پیدا کرنا، اس کیلئے دعا کرنا اور دنیا میں اس کے قیام کیلئے جب تک تم طالبعلم ہو دعا اور پھر انشاء اللہ عملی میدان میں جاؤ تو کوشش، یہ بنیادی چیز ہے ہر ایک کی۔ اس کو ہمیشہ یاد رکھو اور یہی چیز ہے جو ہمیں (-) کے پیغام کو پہنچانے کیلئے ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ سے تعلق قائم کرو، توحید کا فہم اور ادراک حاصل کرو اور دعا کرو...... دنیا کی حالت کا یہ نقشہ ہے جو کھینچا گیا ہے، یہ دنیا کی حالت ہے اور اس حالت کو بدلنے کیلئے تمہارے سپرد، بہت بڑا کام ہے۔ اس نظم کو پڑھو گے تو پتہ لگے گا کہ کیا کرنا ہے؟ اس پر غور کرو۔ سمجھ آئی؟ اپنی نمازوں کی ادائیگی، اپنے اندر اللہ تعالیٰ کی توحید کا فہم و ادراک پیدا کرو۔ اس کیلئے دعا کرو۔ دنیا میں توحید پھیلانے کیلئے دعا کرو اور پھر اس کیلئے انشاء اللہ کوشش بھی۔"

نشست کا پروگرام ختم ہونے پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جامعہ احمدیہ کی بیت الکریم میں نماز ظہر و عصر پڑھائیں۔ نمازوں کے بعد حضور کچھ دیر کیلئے محترم پرنسپل صاحب کے کمرہ میں تشریف لے گئے، اس دوران طلباء و اساتذہ تصاویر کیلئے اپنی اپنی نشست پر پہنچ گئے اور حضور انور کی تشریف آوری پر طلباء، اساتذہ، ٹیوٹوریل گروپس اور غیر نصابی سٹاف نے اپنے آقا کے ساتھ گروپس میں تصاویر بنوانے کی سعادت پائی۔

تصاویر کے بعد حضور انور ڈائننگ ہال میں تشریف لے گئے اور ازراہ شفقت طلباء، اساتذہ اور مہمانوں کے ہمراہ حضور نے دوپہر کا کھانا تناول فرمایا۔ کھانے سے فارغ ہونے کے بعد حضور کی اجازت سے ممبران میس کمیٹی نے حضور انور کے ساتھ تصویر بنوائی۔ جس کے بعد حضور انور نے دعا کروائی اور پونے تین بجے واپس تشریف لے گئے۔

## حضرت حارثؓ بن نوفل بن حارث

آپؓ کے والد رسول اکرمؐ کے چچا کے بیٹے تھے۔ آپؓ کے بیٹے عبداللہ یزید بن معاویہ کی وفات کے بعد والیٔ بصرہ بنے۔ آپؓ اپنے والد سمیت مشرف بہ اسلام ہوئے تھے۔ بدر میں شامل ہوئے۔ رسول اکرمؐ نے آپ کو جدہ کا عامل مقرر فرمایا۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے آپؓ کو مکہ پر عامل مقرر فرمایا۔ آپؓ نے ستر سال کی عمر میں حضرت عمر فاروقؓ کے دور خلافت کے اختتام یا حضرت عثمان غنیؓ کے دور خلافت کے شروع میں وفات پائی۔

«پبلشر و پرنٹر» طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ «مطبع: ضیاء الاسلام پریس» «مقام اشاعت» دار النصر غربی چناب نگر «ربوہ» قیمت 5 روپے

# نئے سال کا آغاز اور ہماری ذمہ داریاں

## حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے ارشادات کی روشنی میں

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے خطبہ جمعہ 26 دسمبر 1986ء میں سورۃ الجاثیہ آیت 25 کی تلاوت کی اور پھر فرمایا:۔

قرآن کریم کی یہ آیت جس کی میں نے ابھی تلاوت کی ہے مادی فلسفہ حیات کا خلاصہ پیش کرتی ہے۔ مادی اقوام یعنی مادہ پرست قومیں خواہ وہ مشرق سے تعلق رکھتی ہوں یا مغرب سے اُن دونوں میں قدر مشترک یہی فلسفۂ زندگی ہے۔ اس آیت کا ترجمہ یہ ہے کہ:

......سوائے اس کے کچھ بھی نہیں ہے جو ہماری دنیا کی زندگی ہے......اس میں ہم مرتے بھی رہتے ہیں اور زندہ بھی ہوتے رہتے ہیں...... سوائے زمانے کے کوئی طاقت ہمیں مارتی نہیں۔

اور یہ خیال کہ بیرونی ایک طاقت ہے جس کا نام خدا ہے، جو ذوالاقتدار ہے، وہی زندہ بھی کرتی ہے اور وہی مارتی بھی ہے یونہی ڈھکوسلے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔......خود ان کو علم نہیں ہے کہ زندگی اور موت کا فلسفہ ہے کیا، کیوں موت سے زندگی بنتی ہے زندگی سے موت......محض ظنی باتیں کرر ہے ہیں۔

آج میں نے اس آیت کا مضمون اس لئے موضوع سخن بنایا ہے یعنی اپنے خطاب کے لئے چنا ہے کہ یہ سال ختم ہو رہا ہے اور ایک نئے سال کا آغاز ہونے لگا ہے۔۔۔۔۔۔ سال کے آخر پر انسان یہ سوچتا ہے، ہر قسم کے دائرۂ زندگی سے تعلق رکھنے والا انسان یہ سوچتا ہے کہ میری عمر کا ایک معین عرصہ ختم ہو رہا ہے اور اسی قسم کا ایک معین عرصہ سامنے کھڑا ہے اگر خدا توفیق دے بعض لوگ تو خدا کا نام بھی نہیں لیتے مگر ہم بطور مومن کے اس کا ذکر کئے بغیر بات آگے بڑھا نہیں سکتے۔ تو اگر خدا توفیق دے اور ہم اس حصے میں قدم رکھیں تو کیا ہوگا۔ ہمیں یہ سال کس طرح ختم کرنا چاہئے اور آئندہ زندگی کا آغاز کیسے کرنا چاہئے۔ ایک طالب علم جب اس پر غور کرتا ہے تو اس کا سال دسمبر میں ختم نہیں ہوتا اور جنوری میں شروع نہیں ہوتا بلکہ اس کا سال اپنے ایک اور وقت میں شروع ہوتا ہے، ہر طالب علم کا اپنا اپنا سال ہے تو اس وقت کی سوچ خالصۃً علمی ہو جاتی ہے۔ ایک مالی نظام کا سال بھی مختلف وقت میں شروع ہو کر مختلف وقت میں ختم ہو جاتا ہے تو اس کی سوچ بھی ایک خاص دائرہ سے تعلق رکھتی ہے کہ ہم نے اس گزشتہ سال میں کیا کھویا کیوں کھویا کیا پا سکتے تھے جو نہیں پایا ان امور پر بحث اور پھر ہمارے مالی حساب درست بھی ہیں کہ نہیں، اعداد و شمار ٹھیک ہیں یا غلط۔ ایک خاص ہنگامہ آپ دیکھتے ہیں سال کے آخر پر لیکن یہ سال جو ہے جو جنوری سے شروع ہو کر دسمبر میں ختم ہو جاتا ہے یہ سب انسانوں کے لئے مشترک ہے اور اس لحاظ سے ایک عمومی مشترک انسانی ردعمل اس وقت پیدا ہوتا ہے۔ جہاں تک مادہ پرست قومیں ہیں ان کے ردعمل، ان کی توجہ کا مرکز اس موقع پر جو بنتا ہے ان کا ذکر اس آیت میں بیان فرمایا گیا ہے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ دنیا کا مقصد زندگی کا مقصد سوائے عیش و عشرت کے اچھی دلچسپ لذتوں سے بھری ہوئی زندگی گزارنے کے اور کچھ نہیں ہے کیونکہ خدا نہیں ہے۔ اگر خدا ہے تو فرضی ہے چونکہ ہم جوابدہ نہیں ہیں کسی کے سامنے۔ خواہ تصور کی دنیا میں مانیں بھی تب بھی عملاً اگر گہرائی سے ان کے اعمال اور ان کے اخلاق اور ان کے باہمی ایک دوسرے سے سلوک اور غیر قوموں سے سلوک کا مطالعہ کریں تو یہی جواب ملے گا کہ جس خدا پر یہ ایمان رکھتے ہیں وہ سنجیدگی سے اس کو جواب لینے والا خدا نہیں سمجھتے۔ چنانچہ ان کی تمام تر توجہات زندگی کی لذتوں کے حصول کی طرف ہو جاتی ہیں۔ ان کی ساری ایجادات کا رُخ اسی طرف ہے۔ جہاں تک تخریبی ایجادات ہیں ان کی وجہ اپنے عیش کی زندگی کی حفاظت ہے چنانچہ جس کو آپ دفاعی دنیا سے تعلق رکھنے والی ایجادات کہہ سکتے ہیں ان سب کا تعلق بھی عملاً اسی زندگی کی حفاظت کے لئے ہے جو ان کو زندگی میں غیر قوموں پر برتری حاصل ہو چکی ہے۔ عیش و عشرت کے زیادہ سامان اکٹھے ہو چکے ہیں۔ چونکہ یہ نہیں چاہتے کہ یہ تقسیم ہو جائیں سب دنیا میں اور ساری دنیا ان سے برابر استفادہ کر سکے اس لئے دفاعی نظام ہے۔ کسی کے پاس کھانا زیادہ ہوگا اور دوسرے کے پاس کم ہوگا تو دفاعی نظام ضرور بنانا پڑے گا۔ اگر دونوں کے پاس برابر کھانا ہو تو احمق ہوگا کوئی جو دفاعی نظام قائم کرے گا۔

آخری خلاصہ اس ساری زندگی کی جدوجہد کا یہ ہے کہ بعض قومیں اپنے عیش و عشرت کے نظام میں آگے بڑھی ہوئی ہیں بعض پیچھے ہیں بعض بالکل سامان خورونوش سے عاری ہیں بے چاری۔ ان کو دو وقت کی روٹی بھی میسر نہیں اس لئے کئی قسم کے خطرات ہیں ایک دوسرے سے چھیننے کے اگر موقع ملے تو اس لئے ایک دفاعی نظام ہے۔

دوسرا نظام ہے ایجادات کا جو خالصۃً لذتوں کو آگے بڑھانے والا نظام ہے اور کوئی بھی اس کا مقصد نہیں۔ اخروی دنیا سے تعلق رکھنے والا کوئی عملی نظام ایسا آپ کو اس دنیا میں نظر نہیں آئے گا جس میں ایک انسان کی سوچ کا ماحاصل اس لئے خرچ ہو رہا ہو کہ ہم اپنی آخری زندگی کو بعد میں آنے والی زندگی کو سدھاریں اور اس کو سنوارنے کا انتظام کریں۔ ٹیلی وژن دیکھ لیں آپ یہاں کے، یہاں کے ریڈیو دیکھ لیں، یہاں کھانے پینے کے سامان، یہاں موٹر گاڑیاں، یہاں کی موٹر اور ایجادات کے جتنے بھی نقشے ہیں ویڈیو وغیرہ یہ سارے ایک ہی سمت میں حرکت کر رہے ہیں اور یہاں تک حالت پہنچ گئی ہے کہ اگر ان کی ساری انکم ساری آمد جو ہے سارے سال کی اس کا آپ تجزیہ کریں تو ان کے زندہ رہنے کے لئے جو ضروری چیزیں ہیں ان پر کل آمد کا 1/10 بھی خرچ نہیں ہوتا بلکہ بعض ملکوں میں 1/100 بھی خرچ نہیں ہوتا۔ شریفانہ زندگی بسر کرنے کے لئے جتنی ضرورت ہے دولت کی اس سے بہت تھوڑا حصہ ہے جو یہ کماتے ہیں، اس کا بہت تھوڑا حصہ ہے جو یہ خرچ کرتے ہیں یا ان کے لئے کرنا ضروری ہے۔ بھاری روپے کی اکثریت آمد کی بھاری اکثریت انہی چیزوں میں خرچ ہو رہی ہے اور جو غریب ہیں، جو نسبتاً غریب طبقے ہیں ان کی کیفیت یہ ہے کہ وہ مکانوں سے اس لئے محروم ہیں جائیدادوں سے اس لئے محروم ہیں، بہت سی بنیادی ضرورتوں سے اسلئے محروم ہیں کہ عیش و عشرت کی طرف توجہ بہت زیادہ مبذول ہو چکی ہے اور بظاہر آپ کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان کے پاس تو رہنے کے لئے مکان نہیں ہیں، گورنمنٹ مکان دے رہی ہے یا کرائے پر بیٹھے ہوئے ہیں لیکن اگر آپ عملاً ان کی آمدنوں کا، خاندانوں سے نسلاً بعد نسلٍ جائزہ لے کر دیکھیں تو پتہ یہ لگے گا کہ آمد کا بیشتر حصہ جو بچتا ہے روٹی کے بعد وہ تو شراب میں غرق ہو جاتا ہے یا ایسی دلچسپیوں میں غرق ہوتا ہے جن کے بغیر زندگی ممکن ہے بلکہ اچھی بھلی زندگی کٹ سکتی ہے۔ اس وجہ سے ان کا سال کا آخر بھی یہیں پر آ کر، اسی مرکزی نقطہ پر آ کر ختم ہوتا ہے کہ شرابیں جو ہم پہلے نہیں پی سکے تھے وہ اب پی جائیں۔ جو عیش و عشرت پہلے نہیں کر سکے تھے وہ اب کر جائیں۔ سال ختم ہو رہا ہے اس سال کو ہم شرابوں میں غرق کر دیں اور ڈبو دیں۔

چنانچہ جتنا خرچ کرسمس کے دنوں میں یا جن علاقوں میں عیسائی نہیں ہیں اور مادہ پرست قومیں ہیں، وہ کرسمس کے بغیر بھی دسمبر میں شراب پر خرچ ہوتا ہے اتنا شاذ کے طور پر کسی اور مہینہ میں خرچ ہوتا ہو یا پھر جنوری کی پہلی تاریخ میں ہوتا ہے یعنی نئے سال کا آغاز۔ تو جن کا فلسفہ حیات یہ ہے کہ یہی دنیا ہے اسی میں ہم نے زندہ رہنا ہے، اسی میں مر جانا ہے، کوئی جواب طلبی نہیں ہے۔ ان کے سال کا آخر بھی شراب میں غرق ہو جاتا ہے، ان کے سال کا آغاز بھی شراب میں غرق ہو جاتا ہے اور تعجب کی بات ہے جہاں تک کرسمس کا تعلق ہے ایک نبی کی پیدائش کہا جاتا ہے کہ اس دن ہوئی اور ان قوموں کے نزدیک اس دن خدا کے اکلوتے بیٹے کی پیدائش ہوئی۔ اُس دن کو یہ اس طرح مناتے ہیں کہ اس دن اتنی شراب پیتے ہیں کہ کبھی بعض لوگ مہینوں میں اتنی شراب نہیں پیتے ہوں گے جتنی اس دن پی جاتی ہے یعنی نہ پینے والے بھی پیتے ہیں اس دن۔

ہم چند دن ہوئے ایک مارکیٹ میں گئے دو تین دن پہلے کی بات ہے آخری دن تھا شاپنگ کا کرسمس سے پہلے کا ہم نے کچھ چیزیں خریدنی تھی۔ تو تعجب سے میرے بچوں نے دیکھ کے مجھے کہا کہ عجیب بات ہے کہ ان کا جو سٹاک اکٹھا کر رہے ہیں، زیادہ شراب ہی اکٹھی کر رہے ہیں یعنی تین چار دن کے لئے ٹرالیاں بھری ہوئی تھیں بوتلوں سے۔

تو سوال یہ ہے کہ اس موقع پر ایک احمدی کو کیا سوچنا چاہئے اور اسے کس طرح یہ آخری دن گزارنے چاہئیں ہمارا فلسفہ حیات تو یہ نہیں ہے...... کہ ہم تو دنیا میں از خود زندہ ہوتے ہیں اور مرتے ہیں اور زمانہ ہی ہمیں مارتا ہے ہمارا کوئی کوشش کرنے والا خدا نہیں ہے، کوئی پیدا کرنے والا خدا نہیں ہے۔ کوئی مارنے والا خدا نہیں ہے۔ ہمارا نظریہ حیات تو اس سے بالکل برعکس ہے۔ اسلئے سال کا آخر ہمیں کس طرح صرف کرنا چاہئے اور سال کا آغاز ہمیں کس طرح شروع کرنا چاہئے۔ میں نے شروع میں مثال دی تھی کہ جو خاص ایسے طبقے کے لوگ ہیں جو خاص کسی مضمون سے تعلق رکھنے والے ہیں ان کا جب سال ختم ہو رہا ہوتا ہے تو وہ شرابیں پی کے ختم نہیں کرتے یا سال شروع ہوتا ہے تو شرابیں پی کے شروع نہیں کرتے بلکہ بڑا ایک معنی خیز انجام ہو رہا ہوتا ہے اس سال کا۔ ایک اکاؤنٹنٹ ہے اس کا سال جب ختم ہو رہا ہوتا ہے تو اسے بعض دفعہ گھر آنے کی بھی فرصت نہیں ملتی دفتر سے، اپنے حسابات کی چھان بین کر رہا ہوتا ہے۔ ایک طالب علم ہے اگر سارا سال اس نے نہ بھی پڑھا ہو تو ان چند دنوں میں راتیں جاگ کر گزار رہا ہوتا ہے اور سال کا آغاز اس طرح کرتے ہیں کہ دوبارہ کتابیں ٹھیک کرتے ہیں، غلطیاں اپنی دیکھ کر ان سے استفادہ کرتے ہیں کہ آئندہ یہ غلطیاں نہ دہرائی جائیں، حروف کے کالم درست ہوں، ہندسوں کے کالم درست ہوں، کتابوں پر بچے ورک چڑھاتے ہیں، کاپیاں بناتے ہیں نئی۔ تو جہاں تک سنجیدہ لوگوں کے سالوں کے آغاز یا انجام کا تعلق ہے جو سنجیدہ مضامین سے تعلق رکھنے والے لوگ ہیں ان کا طبعی فطری ردعمل تو یہ ہوتا ہے۔

اس لئے دسمبر کا مہینہ جماعت احمدیہ کے لئے ایک خاص اہمیت رکھتا ہے اور اس اہمیت کو اللہ تعالیٰ نے از خود ہم پر اس طرح روشن کر دیا بغیر ہماری کسی سکیم کے کہ حضرت مسیح موعود کی رہنمائی فرمائی کہ دسمبر 28,27,26 تین تاریخوں میں سالانہ مذہبی اجتماع کیا کریں۔ چنانچہ یہ وقت جو آج چھبیس 26 ہے 26 سے کچھ پہلے اور 28 کے کچھ بعد تک ساری جماعت احمدیہ کی توجہ روحانی اور دینی اور علمی امور کی طرف مرکوز ہو جاتی ہے۔ کچھ خدا کی خاطر سفر کر رہے ہوتے ہیں، کچھ خدا کی خاطر سفر سے آنے والوں کے لئے تیاریاں کر رہے ہوتے ہیں، کچھ علماء تقریریں تیار کر رہے ہوتے ہیں، کچھ سننے کی تیاری کر رہے ہوتے ہیں۔ ایک عجیب ماحول ان دنوں میں قادیان میں ہوا کرتا تھا

اور ربوہ میں بھی، جس سے پتہ چلتا ہے کہ ہماری جماعت کسی مقتدر اور مدبر خدا کے ہاتھ میں ہے۔ وہ اتفاقاً پیدا ہونے والی جماعت نہیں ہے یعنی انسان کی زندگی جس طرح نہ اتفاقاً پیدا ہوئی نہ اتفاقاً ختم ہوگی اسی طرح جماعت احمدیہ کی باگ دوڑ بھی اور جماعت احمدیہ کا نظام حیات اور نظام ممات بھی ایک مقتدر، کارساز ہستی کے ہاتھوں میں ہے اور اس نے ہمیں ازخود ان رستوں پر چلا دیا ہے جن رستوں پر باشعور اور بالغ نظر قومیں چلا کرتی ہیں۔ اس لئے ہمیں اپنے موت کے نظام سے بھی غافل نہیں رہنا چاہئے اور اس پر بھی غور کرتے رہنا چاہئے۔ ہمارے لئے بھی ایک موت کا نظام مقدر ہے اور وہ اسباب وہی ہیں جو پہلی قوموں کی موت کے اسباب بنا کرتے تھے۔ ان پر بھی غور ضروری ہے، ہم یہ تو نہیں کہتے کہ یہ ساری فرضی باتیں ہیں اس لئے قرآن کریم کے فیصلے کے نیچے نہیں آنی چاہئیں اِنْ ھُمْ اِلَّا یَظُنُّوْنَ کہ محض فرضی ڈھکوسلے بنا رہے ہیں یہ لوگ، ان کو کچھ بھی حقیقت حال کا علم نہیں۔

جماعت احمدیہ کا اندرونی نظام شہادت دے رہا ہے کہ اس جماعت کے قیام کا ایک مقصد ہے، ایک خاص رخ ہے۔ خاص ترتیب سے یہ جماعت قائم فرمائی گئی ہے اور اعلیٰ مقاصد کی پیروی کے لئے خدا تعالیٰ کے فرشتے اس کو جیسے ہانک کر لے جاتے ہیں اس طرح باندھ کر ایک خاص مقصد کی طرف، ایک خاص رخ کی طرف لے جا رہے ہیں۔ تو جہاں حیات کا ایسا اعلیٰ نظام موجود ہے وہاں اس خیال سے غافل ہو جانا کہ موت کا بھی نظام ہوگا، یہ بڑی بے وقوفی ہوگی۔ جو قومیں زندہ کی جاتی ہیں جن کو ارتقاء کے رستے پر چلایا جاتا ہے، ان کے موت کے بھی اسباب مقدر ہوتے ہیں اور معین ہوتے ہیں اور قرآن کریم نے ان اسباب پر کثرت سے روشنی ڈالی ہے۔ ان میں کچھ اسباب یہاں آپ آج دیکھ رہے ہیں یعنی مغربی دنیا میں بسنے والے، یا مشرقی دنیا میں مادہ پرست قوموں میں بسنے والے، جاپان میں بھی دیکھ رہے ہوں گے، دوسری قوموں میں بھی دیکھ رہے ہوں گے کہ ان کی زندگی کا مقصد سوائے دنیا طلبی کے اور عیش پرستی کے اور کچھ بھی نہیں۔

اگر ہمارا یہ مقصد نہیں ہے تو پھر ہمارا مقصد کیا ہے ہم نے کس حد تک اس کی پیروی کی؟ کس حد تک اس سال میں اس کی پیروی سے غافل رہے؟ کون سے موجبات ہیں جو ہمیں پیروی سے غافل رکھنے میں عمل پیرا ہیں؟ کون سے ایسے محرکات ہیں جن کے نتیجے میں ہم پہلے سے زیادہ تیز رفتاری کے ساتھ آگے بڑھ سکتے ہیں؟ یہ سارا جائزہ ہونا چاہئے۔ یہ جائزے انفرادی بھی ہونے چاہئیں اور اجتماعی بھی ہونے چاہئیں۔ جہاں تک اجتماعی جائزوں کا تعلق ہے آج سے لے کر سال کے آخر تک مجالس عاملہ اس موضوع پر بیٹھیں ساری دنیا میں کہ ہم نے اس سال میں کیا کھویا ہے اور کیا پایا ہے۔ ہم سے کیا ایسی غلطیاں ہوئیں جو وہ قومیں کیا کرتی ہیں جن کا قدم موت کی طرف روانہ ہو۔ کون سے ہم نے ایسے اچھے کام کئے جو زندہ قوموں کے اسلوب ہوا کرتے ہیں اور کس طرح اُن غلطیوں سے بچنا چاہئے اور کس طرح ان اچھی باتوں کی طرف پہلے سے زیادہ توجہ کرنی چاہئے۔

جماعت کی کل تعداد کا جائزہ لینا، جو تحریکات خلفاء نے کی ہیں جو آج کل جاری ہیں خواہ وہ پہلے خلفاء نے کی ہوں یا موجودہ خلیفہ نے کی ہوں، جو اس وقت واجب العمل ہیں۔ ان تحریکات کا جائزہ لینا، ان سے کس حد تک استفادہ ہوا، کس حد تک ہم نے ان کو فراموش کر دیا اور اس حوالے سے آئندہ سال کا ایک معین پروگرام مرتب کرنا۔ یہ ہے ایک زندہ باشعور قوم کا ردّعمل سال کے اختتام پر اور سال کے آغاز پر اس کو پھر آگے رائج کرنا اس پروگرام کو اور بڑی ہمت اور محنت اور توجہ اور دعا کے ساتھ یہ کوشش کرتے چلے جانا کہ یہ پروگرام صرف فرض کی دنیا میں خیالی دنیا میں نہ رہے، تصورات کی دنیا میں نہ رہے بلکہ عمل کی دنیا میں ڈھل جائے۔ یہ ہے ایک باشعور زندہ قوم کا کام۔

جہاں تک انفرادی تعلق ہے ہر شخص کا اپنے نفس کا محاسبہ الگ الگ ہوگا۔ کئی ایسے دوست ہوں گے جنہوں نے گزشتہ سال اس طرح شروع کیا غفلت کی حالت میں کہ کوئی نیک ارادہ باندھا ہی نہیں۔ وہ بھی اس حرکت کرتے ہوئے پلیٹ فارم پر حرکت رہے ہیں جو مادہ پرست قوموں کا پلیٹ فارم ہے۔ ازخود وہ ایک سال سے دوسرے سال میں داخل ہو جاتے ہیں، ان کو پتہ ہی نہیں کہ ان کا رخ کس طرف ہے۔ ایسے لوگوں تک اگر میری آواز پہنچے تو اُن کو اگلے سال کا آغاز کرنے سے پہلے اپنے اس سال کا اس نقطۂ نگاہ سے جائزہ لینا چاہئے کہ سارا سال کون سی ایسی بدیاں تھیں جن سے وہ غافل رہے ہیں، کون سی ایسی نیکیاں تھیں جنہیں وہ اختیار کر سکتے تھے لیکن نہیں کیں، نظام جماعت میں ان کا کیا مقام ہے؟ خدمت کے کون سے مواقع تھے جو انہوں نے ضائع کئے ہیں۔ کس حد تک وہ تحریکات پر عمل کرتے ہیں اور آگے بڑھنے کی کوشش کرتے ہیں؟ کس حد تک اُن کا وجود جماعت کے لئے مفید ہے اور غیروں کے لئے مفید ہے؟ کس حد تک وہ بنی نوع انسان کو اللہ کی طرف بلانے میں کامیاب رہے ہیں یا اپنی اولاد کو خدا کی طرف متوجہ کرنے میں کامیاب رہے ہیں۔ اِس لحاظ سے جب آپ جائزہ لیں گے تو جیسا کہ مَیں نے بیان کیا ہے مختلف افراد کا انفرادی طور پر الگ الگ جائزہ ہوگا اور الگ الگ جواب ہوں گے اور اس کے متعلق ایک ہی کوئی جواب ایسا پیش کیا ہی نہیں جا سکتا جو سب کے لئے یکساں ہو۔ فرد فرد سے اس کے بدلتے ہوئے حالات کے نتیجے میں مختلف قسم کے سوال ہونے چاہئیں اور اگر وہ سب سوالات خود اُٹھائے اپنے اوپر تو اس کے جواب بھی مختلف ہوں گے لیکن جس امر کی طرف میں متوجہ کرنا چاہتا ہوں وہ ایک سوال ہے جو سب کے لئے مشترک ہے کہ کس حد تک ہم نے اپنے وقت کو ضائع کیا اور کس حد تک ہم نے اپنے وقت کی بالارادہ قیمت وصول کرنے کی کوشش کی۔ اگر اس سوال کو ہم ہر ایک سے پوچھیں یا ہر ایک اپنے آپ سے پوچھے تو حیران ہوگا یہ جواب پا کر اپنے نفس سے کہ میں نے اپنے وقت کی قیمت کو سمجھنے کی کوشش ہی نہیں کی۔ کبھی سوچا ہی نہیں کہ میرے وقت کی ایک قیمت ہے سوائے اس قیمت کے جو اپنے پروفیشن میں، اپنے شعبے میں مجھے خود بخود ملتی ہے، وہ قیمت تو بالکل اور چیز ہے میں اس کی بات نہیں کر رہا۔ میں اس وقت کی بات کر رہا ہوں جو انسان کا اپنا وقت ہو جاتا ہے۔ ڈاکٹر کا ڈاکٹری سے فارغ ہونے کے بعد، طالب علم کا کتابوں کے مطالعہ سے فارغ ہونے کے بعد وغیرہ وغیرہ۔

اس پہلو سے ہم جائزہ لیتے ہیں تو عموماً ایک بات ضرور سامنے آتی ہے کہ ہم اپنے وقت کا اکثر حصہ یعنی بچے ہوئے وقت کا جس پر ہمارا اختیار تھا ضائع کر دیتے ہیں اور نیک مقاصد پر ان کو استعمال نہیں کرتے۔ یہ ضیاع مختلف جگہوں پر مختلف شکل میں ہو رہا ہے۔ پسماندہ اقوام میں یہ ضیاع زیادہ تر گپیں مار کر ہو رہا ہے اور کچھ نہیں بس چلتا ان کا تو پھر وہ آپس میں بیٹھ جاتے ہیں بازاروں پر، گلیوں کے کونوں میں جن کو خدا نے توفیق دی ہے گھروں میں، اپنے گھروں میں یا کسی دوسرے کے گھر میں جا کر اور وہ ان گپوں میں بیٹھے مصروف رہتے ہیں، کسی طرح ان کا وقت ٹلتا ہی نہیں وہ کیا کریں بے چارے۔ وقت گزارنے کے لئے کوئی نہ کوئی ترکیب کرنی پڑتی ہے۔ مجالس لگاتے ہیں ایک دوسرے کے گھر پر جا کر اور بچوں کو بھی وقت کے ضائع کرنے کی عادت ڈالتے ہیں اور مادہ پرست قوموں میں بسنے والے احمدی خاندانوں میں سے بھی ایک طبقہ ایسا ہے چونکہ وہ دوسرے گندے کاموں میں نہیں پڑتے اس لئے نسبتاً کم گندے کام میں پڑتے ہیں یعنی وقت کا ضائع کرنا وہ سمجھتے ہیں کہ گندہ کام ہی نہیں ہے چونکہ ہم نے شرابیں نہیں پینی چونکہ ہم نے ڈانسنگ ہالز میں نہیں جانا اور سوشل کالز اس قسم کی نہیں کرنی جن میں گندگی میں ملوث ہونا پڑتا ہے۔ اس لئے وہ سمجھتے ہیں کہ اس سے بہتر اور کیا وقت کا مصرف ہے کہ ہم ایک دوسرے کے گھروں میں جائیں اور باتیں کریں اور گپیں ماریں اور چغلیاں کریں اور حالات کا جائزہ لیں، کھیلوں پر تبصرے کریں اور پھر تھکے ماندے گھر واپس آ جائیں اور پیچھے بھی لوگوں کو تھکا ہوا چھوڑ آئیں پھر دوسرے دن صبح نماز کے لئے نہ کسی سے اُٹھا جائے، بچوں کو سکول سے دیر ہو رہی ہو، بڑی مشکل سے بے چاری مائیں اُٹھیں اور ان کو تیار کریں۔ ایک مصیبت کا چکر ہے جو ہر وقت، قریبا ہر روز ہی ایسے لوگوں کے سامنے رہتا ہے اس چکر میں پڑے رہتے ہیں وہ بے چارے۔

ایک حصہ اس میں سے ایسا ہے جس کو Unavoidable کہہ سکتے ہیں چونکہ تھکے ہوئے آدمی نے لازماً اپنی فرحت کا بھی کچھ سامان کرنا ہے، ایک سوشل آدمی نے اپنے تعلقات بھی قائم رکھنے ہیں اس پہلو سے تو یہ چیز نہایت ہی مفید ہے اور انسان کے فرائض میں بھی داخل ہو جاتی ہے لیکن جب ہم ملنے جاتے ہیں تو وہاں موضوع سخن کیا ہے یہ ایک بڑی اہم بات ہے۔ ملنے تو جانا ہے اور لوگوں نے ملنے آنا بھی ہے، اس وقت ہم کیا باتیں کرتے ہیں؟ کیا خدا کی بات کرتے ہیں؟ کیا دین کی بات کرتے ہیں؟ کیا مادہ پرست لوگوں پر ایسا تبصرہ کرتے ہیں جس کے نتیجے میں ہمارے بچوں کی رہنمائی ہو؟ کیا خدا تعالیٰ کے ساتھ خاص تعلقات کی باتیں کرتے ہیں؟ کیا نیک لوگوں کی سیرت کا ذکر چلتا ہے؟ کیا دعاؤں کی قبولیت کا ذکر چلتا ہے؟ کیا ایسے مسائل کا ذکر چلتا ہے جن سے بچنا ہماری اگلی نسلوں کے لئے ضروری ہے۔ اگر یہ سارے ذکر چلتے ہوں تو تفریح بھی ہو جاتی ہے اور اس وقت کا بہترین مصرف بھی ہو جاتا ہے۔ اس لئے یہ تو ناممکن ہے کہ ہم جائزہ لینے کے بعد یہ کہیں کہ آئندہ سے بالکل ایک دوسرے سے ملنا بند کر دیا جائے۔ ہر شخص اپنے گھر میں بیٹھ جائے اور ہر شخص اپنے گھر کے ہر کمرے میں بند ہو کے بیٹھ جائے۔ یہ تو ناممکن ہے لیکن وقت کا جو بھی مصرف ہے اس میں اچھا بھی ہے اور برا بھی ہے۔ اچھا مصرف اختیار کرنا چاہئے۔

اس کا جائزہ آپ لیں کہ گزشتہ سال جو آپ نے بہت سا وقت ضائع کیا اور اپنی اگلی نسلوں کو بھی ایسی سمت میں دھکیلا ہے جہاں سے بعد میں آپ ان کو بلانا بھی چاہیں گے تو نہیں آسکیں گے واپس۔ اس کی بجائے آئندہ ایک باشعور بالغ نظر قوم کے انداز میں اپنے وقت کا جائزہ لیں اور آئندہ کے لئے بہتر پروگرام بنائیں۔

دوسرا حصہ جو وقت کے ضیاع کا ہے وہ اس وقت کی سب سے بڑی لعنت ٹیلی وژن ہے۔ ٹیلی وژن میں اتنا وقت ضائع ہوتا ہے کہ اگر ضائع ہونے والے وقت کا اندازہ کریں تو آپ حیران ہو جائیں گے کہ یہ مغربی قومیں بھی عموماً مصروف کہلاتی ہیں، جو عموماً اپنے وقت کی قیمت وصول کرنا جانتی ہیں ان کا ایک جائزہ میرے علم میں آیا ہے کہ تقریباً روزانہ ایک ہاؤس وائف (House Wife) 5 گھنٹے ٹیلی وژن پر ضائع کرتی ہے۔ اگر یہ جائزہ درست ہے، اگر درست سو فیصدی نہ بھی ہو تو تین گھنٹے بھی سمجھ لیں۔ تو تین گھنٹے ٹیلی وژن کے ساتھ بندھنا ایک بہت ہی بھاری وقت کی قربانی ہے۔ لیکن صرف یہ بات نہیں ہے اس کے اندر اور بھی ایسے خطرات ہیں جن کی طرف خصوصاً امیر ملکوں میں بسنے والے احمدیوں کو متوجہ کرنا ضروری ہے۔

ٹیلی وژن ایک دلچسپ چیز ہے یعنی دلچسپ ہو سکتی ہے کئی پہلوؤں سے۔ اس میں علمی پروگرام بھی ہوتے ہیں اس میں کہانیاں بھی ہوتی ہیں جو معصوم ہوں، کارٹون بھی ہوتے ہیں بچوں کے لئے اور تحقیقاتی مضامین بھی ہوتے ہیں، سیاسی مباحث بھی ہوتے ہیں، لیکن بالعموم ان سارے پروگراموں کا رجحان اسی فلسفہ حیات کی طرف ہے جس کا ذکر قرآن نے اس

آیت میں فرمایا ہے یعنی جو سنجیدہ باتیں کرتے بھی ہیں وہ بھی اس احتیاط کے ساتھ کہ لوگ بور نہ ہو جائیں۔ اس لئے اس سے پہلے بھی گندہ پروگرام رکھیں گے فضول، اس کے بعد بھی رکھیں گے بیچ میں اشتہار ہی گندے کر دیں گے اور کچھ نہیں تو عمومی تأثر جو ٹیلی وژن کا پڑتا ہے وہ یہ ہے کہ بچے دن بدن زیادہ پابندیوں اور ذمہ داریوں سے آزاد ہوتے چلے جاتے ہیں۔ بہت سے ایسے جرائم ہیں جو ان سوسائٹیوں میں بڑھ رہے ہیں جو براہ راست ٹیلی ویژن سے سیکھے جاتے ہیں۔ خاص ادائیں ہیں بدمعاشوں کی چلنے کی اور معصوم بچہ جب اس قسم کی اداؤں کو دیکھتا ہے تو ضروری نہیں ہے کہ وہ صحیح فیصلہ کرے کہ ہیرو کون ہے مجھے وہ بننا چاہئے یا ولن بننا چاہئے۔ ایک طبقہ ایسا ہے جن کے ساتھ ماں باپ کے سلوک اچھے نہیں ہیں ان کے اندر ردعمل پایا جاتا ہے اور ہر ایسا بچہ جس کے اندر کوئی نفسیاتی ردعمل پایا جاتا ہے وہ زیادہ اس کے لئے امکان ہے کہ وہ ہیرو کی بجائے ولن یعنی جو نیک انسان کا کردار ہے اس کی بجائے بدمعاش کے کردار کو اختیار کرے اور ان لوگوں کی آنکھوں کے سامنے ان کی نسلیں ولن بننے کی طرف زیادہ متوجہ ہوتی چلی جارہی ہیں اور ان کو پتہ نہیں لگ رہا کہ ہم کیوں کر رہے ہیں ایسا اور کیا کر رہے ہیں۔ احمدی بچے بھی جب دیکھیں گے تو ان میں سے بھی جو ایسے گھروں میں ہیں جن کے اندر نفسیاتی توازن نہیں پائے جاتے ان کے اندر کرائم (Crime) کا، جرم کا رجحان بڑھے گا اور جن کے اندر نہیں بھی بڑھے گا اس وجہ سے بعض دوسرے پروگرام براہ راست گندگی سکھانے والے ہیں ان میں سب کا ہی ردعمل تقریباً ایک جیسا ہی ہوگا اور اس کے لئے کوئی چھان بین نہیں۔ اس کے لئے تمیز کرنے کا کوئی انتظام ہی نہیں ہے گھروں کے اندر۔ اس لئے بہت حد تک مغرب کے زہر کو آپ اپنی نسلوں میں رائج کرنے کے سامان خرید لیتے ہیں بازار سے اور ان سے بچنے کا کوئی انتظام نہیں کرتے۔ صرف یہی نہیں بلکہ اس کے بعض ایسے مخفی بداثرات ہیں جو بہت ہی دیرپا اثر کرنے والے نہایت ہی خطرناک اور مہلک ہیں۔ دن بدن جوں جوں ٹیلی وژن کا رواج بڑھتا جارہا ہے مطالعہ کا رواج کم ہوتا جارہا ہے۔ آپ اس دور کا تصور کریں جبکہ ٹیلی وژن موجود نہیں تھے اس وقت ہر روز ایک تعلیم یافتہ آدمی کا جتنا وقت مطالعہ میں خرچ ہوا کرتا تھا آج اس کا دسواں حصہ بھی نہیں خرچ ہوتا۔ پہلے تھکاوٹ کا علاج مطالعہ تھا، اب مطالعہ تھکاوٹ پیدا کرنے کا موجب سمجھا جاتا ہے اور مطالعہ کا علاج ٹیلی وژن ہے۔

دفتر میں کام کرلیا، بچوں نے پڑھائی کرلی، مطالعہ ہوگیا تھک گئے، اب ہمیں ٹیلی وژن دیکھنا چاہئے اور مطالعہ میں اور ٹیلی وژن میں ایک بڑا نمایاں فرق ہے اور فرقوں کے علاوہ وہ فرق یہ ہے کہ مطالعہ اپنے اختیار سے ہوتا ہے اس میں جو چاہیں آپ وہی چیز اُٹھا کے پڑھ سکتے ہیں۔ ٹیلی وژن آپ پر ٹھونسی جاتی ہے اور مضامین کا اختیار غیروں کا ہے۔ آپ یہ کہہ سکتے ہیں ہاں ٹیلی ویژن کے پروگراموں میں ہم فرق کر سکتے ہیں لیکن کتنے ہیں جو کرتے ہیں اور فرق کی گنجائش کہاں تک ہے۔ زمین آسمان کا فرق ہے ٹیلی وژن میں آپ کا اختیار ہی اتنا محدود ہوتا ہے کہ بعض دفعہ بعض خاندان ٹیلی وژن دیکھ بھی رہے ہیں بور بھی ہو رہے ہیں رات بھی جاگ رہے ہیں اور نہایت ہی بدمزگی کے ساتھ اس طرح پھر سوتے ہیں جاکے جس طرح ایک بدمزہ کھانا کھانے والا پیٹ بھرتا چلا جاتا ہے لیکن سمجھتا ہے کہ پیٹ نہیں بھر رہا زیادہ بھی کھا جاتا ہے تب بھی پیٹ بھرنے کا احساس نہیں ہوتا۔ اسی طرح ایسے ٹیلی وژن دیکھنے والے ایسے خاندان ملیں گے جو بیچارے بیٹھے ہوئے ہیں کہ کہیں سے تو لذت ملے ایک پروگرام بدلتے ہیں، دوسرے بدلتے ہیں، چوتھا بدلتے ہیں جہاں چار ہیں اور امریکہ میں تو بیس بیس، پچیس پچیس، چھبیس چھبیس بھی ہیں۔ ان کو سمجھ نہیں آتی کیا کریں، لذت لینا چاہتے ہیں مل نہیں رہی اور تھک ہار کے سارا وقت ضائع کر کے پھر آخر وہ لیٹ جائیں گے پھر صبح نمازوں میں دیر اور پھر عبادتوں میں بداثرات پڑتے ہیں اس کے، وہ تو لازماً پڑیں گے ہی۔ مطالعہ میں اور اس میں تو زمین آسمان کا فرق ہے۔ جوں جوں یہ سہل انگاری پیدا ہو رہی ہے طبیعتوں میں ٹیلی ویژن کی وجہ سے، ساتھ ساتھ مطالعہ مشکل اور مشکل ہوتا چلا جارہا ہے۔ یہاں تک کہ مذہبی مطالعہ تو ایک بہت بڑی مصیبت بن گئی ہے ہماری اگلی نسلوں کے لئے۔ آپ ان کو مذہبی مطالعہ کے لئے کتاب دیں گے تو حیران ہو کر دیکھیں گے کہ یہ کر کیا رہے ہیں یہ کوئی زمانہ ہے، تھکا ہوا میں سکول سے آیا ہوں، اپنی کتابوں سے فارغ ہوا ہوں اب مجھے ٹیلی وژن کے سامنے بیٹھنے دیں، یہ کہتے ہیں حضرت مسیح موعود کی کتاب پڑھو فلاں خطبہ سنو یا فلاں خطبہ پڑھو یا یہ مطالعہ کرو یا عیسائیت اور اسلام کا موازنہ کرو۔ اتنی مصیبت بوجھل چیزیں تھوڑا سا پڑھیں گے تو بچے کہیں گے ہمیں سمجھ نہیں آرہی چھوڑ دیں بس اور ماں باپ بھی زور نہیں دیتے کہ کہیں بچے بالکل ہی ہاتھ سے نہ نکل جائیں۔ خود بے اختیار ہوتے چلے جارہے ہیں کیونکہ مطالعہ کی عادت نہیں ہے۔ مطالعہ کی عادت نہ ہونے کی وجہ سے دنیاوی نقصان بھی بے شمار ہو رہے ہیں اور مذہبی اور روحانی اور تمدنی نقصانات تو بے شمار ہیں۔ رفتہ رفتہ انسان چند باشعور شرارت کرنے والوں کے قبضے میں جارہا ہے بحیثیت مجموعی اس بات کا آپ کو پورا احساس نہیں ہے امریکہ میں بارہا ایسے جائزے ہوتے رہے ہیں جن کے نتیجہ میں یہ بات زیادہ کھل کے سامنے آتی جارہی ہے کہ دن بدن انسان یعنی امریکہ کا انسان ایسی چند کمپنیوں کے ہاتھ میں جا رہا ہے جو جس طرف چاہیں اس کے دماغ کا رخ بدل دیں۔ یہاں تک کہ امریکن پریذیڈنٹ بھی اپنے آپ کو اس معاملے میں بالکل بے اختیار پا رہے ہیں۔

